**07.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آفتاب احمد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے ''وکاس بھی، وراثت بھی'' نعرے سے، جدید کاری کی تقویت کی یقین دہانی ہوتی ہے اور اِس سے بھارت کی ثقافتی جڑوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

☆ لوک سبھا میں وندے ماترم قومی گیت کے 150سال پورے ہونے کے موقعے پر کل خصوصی مباحثہ کیا جائے گا۔ انتخابی اصلاحات پر بحث و مباحثہ ایوان میں منگل کو کیا جائے گا۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ فضائی سفر سے متعلق کام کاج، IndiGo بحران کے دوران، بہت تیزی سے معمول کی طرف آرہا ہے۔

☆ مدھیہ پردیش میں 10ماؤنوازوں نے ہتھیار ڈالے ہیں، جن میں ایک کمانڈر بھی شامل ہے جس پر 77لاکھ روپے کا انعام تھا۔

☆ بیڈمنٹن میں بھارت کے سنسکار سارسوت نے، آسام میں گوہاٹی ماسٹرز میں مردوں کا سنگلز کاخطاب جیتا ہے۔

☆ اور بھارتی نشانے باز سمرن پریت برار نے، دوحہ میں ISSF عالمی کپ کے فائنل میں، خواتین کے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Message UNESCO**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کا ''وکاس بھی، وراثت بھی'' نعرہ اِس یقین دہانی کا عزم ہے کہ جدید کاری اور شہرکاری سے ثقافت کو استحکام حاصل ہوتا ہے، نہ کہ ثقافتی جڑوں کو کوئی نقصان پہنچتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اِس بات کی یقین دہانی کرا رہا ہے کہ کوئی روایت، کوئی پریکٹشنر اور کوئی برادری، اَن دیکھی یا بے سہارا نہیں رہتی۔

جناب مودی نے یہ بات اپنے ایک پیغام میں کہی۔ یہ پیغام انھوں نے نئی دلّی میں غیرمرئی ثقافتی ورثے کی حفاظت سے متعلق بین حکومتی کمیٹی کے، یونیسکو کے 20ویں افتتاحی جلسے میں دیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کیلئے وراثت، ماضی کی یادوں کا معاملہ کبھی نہیں رہا، البتہ یہ، علم، تخلیق اور سماج کے لگاتار بہنے والے ایک دریا کی حیثیت

رکھتا ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کے تہذیبی سفر کی تشکیل اِس مفاہمت سے ہوئی ہے کہ ثقافت نہ صرف یادگاری مقامات یا مخطوطات سے مالامال نہیں ہوتی بلکہ یہ روز مرہ کے تہواروں، روایتوں، فنونِ لطیفہ اور دستکاری جیسے، عوامی تاثرات سے تشکیل پاتی ہے۔x

## Jaishankar UNESCO

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج بتایا ہے کہ بھارت، یونیسکو کے کئی وراثتی مقامات کا حامل تو ہے ہی، اِس نے خود بھی دنیا بھر میں وراثتی مقامات کے تحفظ کے کئی پروجیکٹ شروع کئے ہیں۔ نئی دلّی میں غیر مرئی ثقافتی وراثت کی حفاظت کیلئے بین حکومتی کمیٹی کے 20ویں اجلاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے اِس غیر مرئی ورثے کے تحفظ کی ملک کی کوششوں کو سراہا۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ روایات، زبانیں اور تہوار، ثقافت کا سب سے زیادہ جمہوری پہلو ہے، کیونکہ سبھی لوگ اِس کو اہمیت دیتے ہیں، بہت سے لوگ اِن کی حفاظت کرتے ہیں اور ہر ایک نسل اِنھیں تقویت بخشتی ہے۔ جناب شنکر نے حیدرآباد اور لکھنؤ شہروں پر خوشی کا بھی اظہار کیا کہ اِنھیں کھانے پینے کی لذیذ اشیا کے یونیسکو شہر کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

وزیر موصوف نے یونیسکو کو غیر مروئی ورثوں کے تحفظ پر بھی سراہا۔

## Vande Mataram Discussion

لوک سبھا میں قومی گیت وندے ماترم کے 150سال پورے ہونے کے موقع پر کل ایک خصوصی مباحثہ ہوگا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی، ایوانِ زیریں میں بحث کا آغاز کریں گے۔

پچھلے ہفتے میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا تھا کہ یہ دن بھر کا مباحثہ دوپہر 12 بجے شروع ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ لوک سبھا میں چناؤ اصلاحات پر مباحثہ منگل کو کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ ایک کُل جماعتی میٹنگ کے دوران کیا گیا جس کی صدارت لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کی۔ حکومت نے سبھی پارٹیوں کے، ایوان کے رہنماؤں سے اپیل کی ہے کہ وہ پارلیمنٹ کا کام کاج خوش اسلوبی سے چلنے دیں۔

S/B Kiren Rijiju

## DGCA Indigo

دلّی ایئر پورٹ نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایئر پورٹ جارنے سے پہلے اپنی پروازوں کی تازہ جانکاری حاصل کرلیں اور کہا ہے کہ Indigo کی پروازوں میں مزید تاخیر ہوسکتی ہے۔ آج جاری ایک ایڈوائیزری میں دلّی ایئر پورٹ نے کہا ہے کہ اُس کی ٹیمیں، تمام متعلقہ لوگوں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں تاکہ تاخیر کو کم اور سفر کو آسان بنانے کو یقینی بنایا جاسکے۔اسی دوران شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے Indigo کے CEO پیٹر Elbers اور اکاؤنٹیبل منیجر Isidro Porqueras کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے، جس میں بڑے پیمانے پر پروازوں میں رکاوٹ اور مسافروں کو ہونے والی پریشانی کے تعلق سے وضاحت طلب کی گئی ہے۔

انضباطی ادارے نے کہا ہے کہ مسافروں کو یہ پریشانی، منظور شدہ فلائٹ ڈیوٹی ٹائم Limit کے ضابطوں کے تحت نظرثانی شدہ ضرورتوں کیلئے ایئر لائن کی طرف سے مناسب انتظامات کرنے میں ناکامی کی وجہ سے ہوئی ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ بڑے پیمانے پر آپریشنل ناکامی، منصوبہ بندی، نظر انداز کرنے اور وسائل کے انتظام میں بڑی کوتاہیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے۔اس سے پہلے سرکار نے Indigo کو ہدایت دی تھی کہ وہ منسوخ ہونے والی پروازوں کیلئے بلا تاخیر مسافروں کو پیسے واپس کریں۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا تھا کہ refunds، آج شام 8 بجے تک ہوجانی چاہیے۔ x

## Rajnath Projects

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج دفاعی اعتبار سے اہم بنیادی ڈھانچے کے، 125 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، جن میں لیہہ میں Shyok Tunnel بھی شامل ہے۔ اِس Tunnel کو 7 شہروں اور مرکز کے زیر انتظام 2 علاقوں میں سرحدی سڑکوں کی تنظیم BRO نے تعمیر کیا ہے۔

اِس موقع پر وزیر دفاع نے کہا کہ لداخ میں Shyok Tunnel سے یکسر تبدیلی آجائے گی، جو سبھی سخت قسم کے موسموں میں رابطے اور نقل وحمل کیلئے استعمال کی جا سکے گی۔

S/B SI Rajnath Singh

## Manohar Lal Conference

بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے آج کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت AI اور مشین لرننگ ML پر مبنی ایپلی کیشنز، ذہین، صارفین پر مرکوز اور خود کو بہتر سے بہتر بنانے والے، تقسیم کے نیٹ ورکس کی تعمیر میں، ایک اہم رول ادا کر رہی ہیں۔وزیر موصوف نے یہ بات نئی دلّی میں بجلی کی ترسیل کے شعبوں میں مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ ٹیکنالوجیز کے استعمال سے متعلق پہلی قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ بجلی کے وزیر نے اختتامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ AI/ML پر مبنی طریقِ کار، اسمارٹ میٹر تجزیوں اور GenAI پر مبنی فیصلے کی مدد سے، صارفین کے تجربے اور کام کاج کی استعداد، دونوں میں ہی یکسر تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔

وزیر موصوف نے سبھی DISCOMs سے زور دے کر کہا کہ وہ ایکونظام کے متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ اسمارٹ، قابل اعتبار اور صارف پر مرکوز نظامِ تقسیم میں، یکسر تبدیلی لائی جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ اِس طرح کے طریقِ کار سے ہزاروں گھروں کو مدد ملے گی کہ وہ اپنی کھپت میں بہتری لاسکیں، بجلی کے ضائع ہونے کی، پہلے سے ہی روک تھام کرسکیں اور ایماندار صارفین، بجلی چوری کے بوجھ سے بچ سکیں۔x

## ECI SIR Data

انتخابی کمیشن نے آج کہا ہے کہ جب سے خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کا دوسرا مرحلہ شروع ہوا ہے، ابھی تک، ووٹروں کو پچاس کروڑ 94 لاکھ سے زیادہ شماریاتی فارمز تقسیم کئے جاچکے ہیں۔ یہ تعداد تقریباً اُن 51 کروڑ

ووٹروں کا 99اعشاریہ نو–چار فیصد حصہ ہے، جنھیں اِس مرحلے میں شامل کیا جائے گا۔
کمیشن نے کہا کہ ابھی تک پچاس کروڑ سے زیادہ فارم تقسیم کئے جاچکے ہیں۔ انتخابی فہرستوں کی SIR کا دوسرا مرحلہ 9ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام تین علاقوں میں پچھلے مہینے کی 4تاریخ کو شروع ہوا تھا۔ یہ ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے اِس طرح ہیں : چھتیس گڑھ، گوا، گجرات، کیرالہ، مدھیہ پردیش، راجستھان، تمل ناڈو، اترپردیش، مغربنگال، پڈوچیری، لکشدیپ، انڈمان و نکوبار جزیرے۔انتخابی فہرستوں پر بڑے پیمانے پر نظر ثانی کا کام حتمی چناؤ فہرست، اگلے سال 14فروری کو شائع ہونے کے بعد پورا ہوجائے گا۔x

## Darjeeling SIR

مغربی بنگال کے دارجلنگ ضلعے میں خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کا کام تقریباً مکمل ہوچکا ہے۔ضلع مجسٹریٹ وضلع انتخابی افسرمنیش مشرا کے دفتر کے مطابق شماریاتی فارموں کی تقسیم، جمع کرنے اور اِنھیں ڈیجیٹائز کرنے کا کام زیادہ تر بوتھوں پر مکمل ہوچکا ہے۔ مجسٹریٹ کے دفتر کے اعداد وشمار کے مطابق 12لاکھ 92ہزار 857اندراج شدہ ووٹروں میں سے 11لاکھ 46ہزار سے زیادہ ووٹروں نے، پُر کئے ہوئے شماریاتی فارم جمع کرا دیئے ہیں اور BLOs نے اِنھیں اَپ لوڈ کردیا ہے۔x

## UP SIR

خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR مہم کے تحت ووٹر فہرستوں کی نظرثانی کا کام، اترپردیش میں تیزی کے ساتھ جاری ہے۔ چیف انتخابی افسر نودیپ رِنوا نے کہا ہے کہ SIR کا 100فیصد کام، ریاست کے 91ہزار سے زیادہ بوتھوں پر مکمل ہوچکا ہے۔ انہوں نے اہلکاروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ SIR کے کام کو مکمل کرنے میں BLOs کو پورا تعاون فراہم کریں۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ SIR پروگرام کے سبھی مرحلے پر لگاتار نظر رکھیں اور انتخابی کمیشن کی ہدایات کی 100فیصد تک تکمیل کو یقینی بنائیں۔ x

## MP Surrender

مدھیہ پردیش نے، نکسلزم کے خاتمے کی اپنی کوششوں میں ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹرموہن یادو کی موجودگی میں بالاگھاٹ ضلعے میں 10 نکسلیوں نے ہتھیار ڈالے ہیں۔ اِن لوگوں نے یہ خودسپردگی ”بازآبادکاری سے نئی زندگی تک“ پروگرام کے تحت کی ہے۔ اِن نکسلیوں میں کمانڈر سریندر عرف کبیر بھی شامل ہے جس پر 77لاکھ کا انعام تھا۔ خودسپردگی کے اِس واقعے سے ریاستی سرکار کی، نکسلیوں کی بازآبادکاری پالیسی کے موثر ہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔
اس موقع پر وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ ریاستی سرکار کا مقصد، نکسلزم کو مکمل طور پر ختم کرنا اور مدھیہ پردیش کو نکسل تشدد سے پاک کرنا ہے۔

انھوں نے کہا کہ بازآبادکاری کی اِس پالیسی کے ذریعے، گمراہ افراد کو اصل دھارے میں لانے، انھیں باوقار زندگی بسر کرنے اور اُن کو سماج میں دوبارہ شامل کرنے کا راستہ ہموار ہوا ہے۔

**S/B Chief Minister Mohan Yadav**

## PM Armed Forces Flag Day

آج مسلح فوجوں کے پرچم کا دن منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ قوم اُن بہادر مردوں اور خواتین کو اپنی طرف سے گہرا تشکر پیش کرتی ہے جو اپنے مضبوط حوصلے سے ملک کی حفاظت کرتے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کا ڈسپلن، عزم اور لاثانی جذبہ، لوگوں کو حفاظت اور ملک کو مضبوطی بخشتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اُن کا عزم، فرض، ڈسپلن اور خود کو وقف کردینے کی ایک طاقتور مثال ہے۔ جناب مودی نے ہر ایک کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ مسلح فوجوں کے پرچم کے دن کے فنڈ میں عطیہ دے۔x

## VP Armed Forces Flag Day

مسلح فوجوں کے پرچم کے دن کے موقع پر نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج مسلح فوجوں کے پرچم کے دن کے فنڈ میں اپنی، پورے ایک مہینے کی تنخواہ کا عطیہ دیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ نے شہریوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ ملک کے سپاہیوں، شہیدوں اور اُن کے کنبوں کو، مسلح افواج کے پرچم کے دن کے موقع پر رضاکارانہ طور پر عطیہ دے کر اُن کے تئیں اجتماعی طور پر اظہارِ تشکر کریں۔x

## Fire Goa Night Club

گوا میں Bardez تعلقہ کے Arpora علاقے میں ایک کلب میں بڑے پیمانے پر آگ لگنے کے حادثے میں 25افراد ہلاک اور بہت سے زخمی ہوگئے، جس کے بعد مقامی حکام نے فوری کارروائی شروع کردی۔ آگ لگنے کا یہ حادثہ کلب کے اندر Electrical Fireworks کے سبب ہوا۔x

## Rev VP Goa

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے اُن لوگوں کے کنبوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے، جو گوا کے Arpora علاقے میں اپنے عزیزوں سے محروم ہوگئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ آگ لگنے کے اِس المناک حادثے میں لوگوں کی جانیں ضائع ہونے پر اُنھیں گہرا افسوس ہوا ہے۔

جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ وہ دُکھ کی اِس گھڑی میں محروم کنبوں کے ساتھ ہیں اور اُن کیلئے دعا گو ہیں۔ انھوں نے اِس حادثے میں زخمی ہونے والے سبھی افراد کیلئے جلد صحتیابی کی بھی دُعا کی ہے۔x

## HM Goa Fire

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گوا کے آگ کے اِس حادثے میں لوگوں کی جانیں ضائع ہونے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ مقامی انتظامیہ، بچاؤ اور راحت کا کام انجام دے رہی ہے اور متاثرہ لوگوں کو ضروری دیکھ بھال فراہم کر رہی ہے۔ متاثرہ کنبوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں سنسکار سارشوت نے آج گواہاٹی ماسٹر 2025کے مردوں کے سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ انہوں نے اپنے ہی ملک کے کھلاڑی متھن منجو ناتھ کو اکیس–گیارہ، سترہ–اکیس، اکیس–تیرہ سے شکست دی۔ یہ سنسکار کا پہلا سُپر 100خطاب ہے۔مردوں کے ڈبلز کے مقابلے میں پروتھوی کرشنا مورتی رائے اور K سائی پراتِک کی بھارتی جوڑی، ملیشیا کی جوڑی سے ہار گئی۔ x

## ISSF World Cup Final

نشانے بازی میں سمرن پریت کور برار نے آج قطر کی راجدھانی دوحہ میں ISSF عالمی کپ فائنل میں خواتین کے 25میٹر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ 21سالہ کھلاڑی نے جنوبی کوریا کی Yang J-In کے 50میں سے 41شارٹ لگانے کے پیرس اولمپکس کے جونیئر ورلڈ ریکارڈ کی بھی برابری کی ہے۔

اشوریہ پرتاپ سنگھ تومر نے مردوں کے 50میٹر رائفل تھری پوزیشن میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ وہ 413اعشاریہ تین اسکور کرکے سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے نشانے باز چیک جمہوریہ کے Jiri Privratsky سے صرف صفر اعشاریہ 9پوائنٹ پیچھے تھے، جنہوں نے 414اعشاریہ دو کا اسکور کیا۔ چین کے اولمپک چمپئن Liu Yukun نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ بھارت، پانچ تمغوں کے ساتھ تمغوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر ہے۔ اِن میں سونے کے دو، چاندی کے دو اور کانسے کا ایک تمغہ شامل ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆